2024 IV 01 | 0930 | Seat. No. | | | | |

Time : 3 Hours

URDU (F.L.)

Subject Code

| S | 1 | 1 | 1 | 3 |
|---|---|---|---|---|

Total No. of Questions : 59 (Printed Pages : 12) Maximum Marks : 80

**ہدایات :** (i) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(ii) سوال نمبرات صحیح اور صاف لکھیں۔

(iii) سوالیہ پرچہ میں اپنے سیٹ نمبر کے علاوہ کچھ نہ لکھیں۔

(iv) ہر سوال کے جواب جتنے الفاظ میں لکھنے کے لئے کہا گیا ہے اتنا ہی لکھئے۔

**SECTION-A (حصّہ الف)**

**(READING)**

* مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر دئے گئے خالی جگہ صحیح متبادل سے پُر کیجئے : 4

ڈاکٹر اے. پی. جے. عبدالکلام ہمارے مُلک بھارت کے مشہور سائنس داں تھے۔
انہیں 'میزائیل مین' بھی کہا جاتا ہے۔

اُن کی سربراہی میں 'ترشول' نامی میزائیل کا کامیاب تجربہ کیا گیا۔ 1998ء میں 'اگنی' میزائیل اُڑایا گیا۔ 'ناگ' نامی میزائیل اُڑایا گیا۔ 'آکاش' نامی میزائیل اُڑایا گیا۔ اُنہیں بھارت کے گیارھویں صدرجمہوریہ ہونے کا شرف حاصل ہے۔
وہ بھارت کے ہر دلعزیز اور چہیتے صدر جمہوریہ تھے۔

.1 ڈاکٹر اے. پی. جے. عبدالکلام ہمارے ملک بھارت کے مشہور ـــــــ تھے۔

- سائنس داں
- اورناتھولوجسٹ
- جیولوجسٹ
- سائیکولوجسٹ

.2 ڈاکٹر عبدالکلام کو ـــــــ بھی کہتے ہیں۔

- گوڈ فادر
- فادر آف نیشن
- میزائیل مین
- آئرن مین

.3 اُن کی سربراہی میں ـــــــ نامی میزائیل کا کامیاب تجربہ کیا گیا۔

- اگنی-II
- ترشول
- اسپوتنِ
- ناگنی

4. عبدالکلام کو بھارت کے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ صدرِ جمہوریہ ہونے کا شرف حاصل ہے۔


- ساتویں
- آٹھویں
- بارھویں
- گیارھویں

* مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر دیئے گئے شجری خاکے کو مکمل کیجئے (خاکہ نہ بنائیں۔ نمبروں کے آگے جوابات لکھئے) : 4

قرۃ العین حیدر کی وِلادت 20 جنوری 1928ء کو علی گڑھ میں ہوئی۔ ان کے والد سجّاد حیدر یلدرم اور والدہ نذرسجاد حیدر دونوں معروف لکھنے والے تھے۔ قرۃ العین کو ادب کا ذوق ورثہ میں ملا۔

قرۃ العین حیدر کی ابتدائی تعلیم دہرہ دون میں ہوئی۔ صرف گیارہ سال کی عمر میں بچوں کے لئے پہلی کہانی 'بی چوہیا' لکھی۔ قرۃ العین حیدر نے کئی ناول لکھے جن میں 'میرے صنم خانے' 'سفینہءِ غمِ دل' 'آگ کا دریا' 'آخری شب کے ہم سفر' 'گردش رنگ چمن' اور 'چاندنی بیگم' کافی مشہور ہیں۔ اُنھونے بچوں کے لئے کہانیاں 'لومڑی کے بچے' 'شیرخان' 'میاں ڈھینچو کے بچے' اور ہرن کے بچے وغیرہ بھی لکھی ہیں۔ قرۃ العین کی ادبی خدمات کے لئے حکومت نے انہیں 'پدم شری' 'پدم بھوشن' اور 'گیان پیٹھ' جیسے اعزازات سے سرفراز کیا۔

## قرۃ العین حیدر




* مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات کے جوابات لکھئے : 4

مرزا غالب 1797ء میں اکبر آباد میں پیدا ہوئے۔؛ ان کا نام 'اسد اللہ خان' اور لقب 'مرزا نوشہ' تھا۔ دلی کے آخری مغل بادشاہ بہادر شاہ ظفر نے اُنہیں نجم الدولہ، دبیر الملک اور نظام جنگ کے شاہی خطابات بھی دئے تھے۔ جب اُنہوں نے شاعری شروع کی تو پہلے 'اسد' بعد میں 'غالب' تخلص اختیار کیا۔ غالب نے شاعری میں اپنا انداز آپ ایجاد کیا۔ اُنہوں نے اُردو شاعری کو وقار اور غزل کو اعتبار بخشا۔

* سوالات حل کیجئے :

13. مرزا غالب کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

14. مرزا غالب کا اصل نام اور لقب کیا تھا ؟

15. بہادر شاہ ظفر نے مرزا غالب کو کون سے خطابات دئے ؟

16. مرزا غالب نے کون سا تخلص اختیار کیا ؟

## SECTION-B (حصّہ ب)

### (TEXTUAL AND SUPPLEMENTARY)

* خط کشیدہ الفاظ کی جگہ سبق میں آئے ہوئے لفظ استعمال کرکے جملے دوبارہ لکھئے : 4

17. مولانا حسرت موہانی کی ہستی میں کوئی ایسی دلفریبی نہیں تھی۔

18. حسرت کو اپنے مُلک سے عشق تھا۔

19. دسترخوان کی ایک اچھائی اس کی خود کفالت ہے۔

20. ایک زمانہ تھا کہ لوگ زمین پر دسترخوان بچھاتے، آلتی پالتی مار کر بیٹھتے۔

* درج ذیل سوالات کے جوابات 15 تا 20 الفاظ میں لکھئے ( کوئی چار ) : 8

21. وفات کے وقت حضرت سلمان فارسیؓ کے رونے کی وجہ تحریر کیجئے۔

22. مصنف نے اوٹا کمنڈ کو نہ جانے کی وجہ کیا بتائی ؟

23. سبق ''بھولا'' میں مذکور رشتوں اور رشتے داروں کے نام لکھئے۔

24. سیّاحوں نے سویٹو میں کیا دیکھا ؟

25. جیل میں تحریک آزادی کے قیدیوں کو ملنے والے سامان کی تفصیل لکھئے۔

26. مراٹھی شاعری کی دو اصناف کے نام لکھئے۔

* ذیل میں دئے گئے جملوں کی متن کے حوالے سے تشریح کیجئے : 4

27. پرندے کا ننھا سا دل دھک سے رہ گیا۔ نیچے سارے میں سیاہی مائل دھند پھیلی ہوئی تھی۔

28. انگریز اپنی پلیٹ میں ایک اُبلا ہوا آلو لے کر بیٹھ جاتا اور پھر چھریوں اور کانٹوں سے گھنٹوں اس کے پرخچے اُڑاتا رہتا۔

* مندرجہ ذیل خط کشیدہ الفاظ کو تبدیل کر کے اُن کے مترادف (ہم معنی) الفاظ استعمال کر کے جملے دوبارہ لکھئے : 2

29. اس دوران والد صاحب <u>ملازمت</u> سے سبکدوش ہو گئے۔

30. اب جو معلوم ہوا کہ دشمنوں کی طبیعت <u>ناساز</u> ہے۔

* درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیئے اور نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :

''اے ہم نفسو، سوزِ جگر دیتے جاؤ
پروانوں کو اک رقص شرر دیتے جاؤ
تم آ کے شبستاں میں سحر کیا دو گے
ہاں، یہ کہ تمنائے سحر دیتے جاؤ''

31. پہلے شعر میں شاعر کس سے مخاطب ہے؟ 1

32. دوسرے شعر میں استعمال کیئے گئے لفظ 'شبستاں کے معنی لکھئے : 1

''ابر کی طرح سے کر دیویں گے عالم کو نہال

ہم جدھر جاویں گے یہ دیدۂ گریاں لے کر

خود سے مل کر بہت اُداس تھا آج

وہ جو ہنس ہنس کے سب سے ملتا ہے

33. پہلے شعر میں کونسی صنعت استعمال کی گئی ہے؟ لکھئے۔ 1

34. شاعر کس سے مل کر اُداس تھا ؟ 1

* درجہ ذیل سوالات کے جوابات 30 الفاظ میں لکھئے (کوئی دو) : 4

35. حمد سے کیا مراد ہے؟

36. علامہ اقبال نے اپنی قطعہ میں نہ ڈرنے والے کی کیا خوبی بیان کی ہے؟

37. چمن کے بلبل اور صبا کی حالت بیان کیجئے۔

* مندرجہ ذیل سوالات کے جواب 50 لفظوں میں لکھئے (کوئی دو) : 6

38. دعوت قبول کرنے والوں کے لئے ابوالحسن کی شرط لکھئے۔

39. راکشس کے خلاف لڑنے والوں کی خصوصیات لکھئے۔

40. ابوالحسن کے کردار پر روشنی ڈالئے۔

41. شاعر کے دوست کے گھوڑے کی خصوصیات تحریر کیجئے۔

## SECTION-C (حصّہ ج)

### (Grammar)

* درج ذیل خالی جگہوں کو مناسب حروفِ جار کی مدد سے پر کرکے اقتباس دوبارہ لکھئے : 3

42. حضرت عمر فاروقؓ -----۔ یہ وہ دور تھا جس -----۔ غلاموں کوملکوں کا حکمراں اور صفہ -----۔غربا کو اسلامی ممالک کا ناظم اعلیٰ بنایا جا رہا تھا۔
حضرت سلمان فارسیؓ کولگن لگی تھی -----۔ جنت میں حضرت محمدؐ -----۔ ملاقات -----۔ آپؐ کی مصاحبت کی اور آپؐ کی دیدار کی۔ اس فکر میں غلطاں وہ زندگی کے ایام گزار رہے تھے۔

* مندرجہ ذیل جملوں میں مفرد، مرکب اور مخلوط جملے پہچان کر لکھئے : 3

43. حامد کار چلا رہا ہے۔

44. تکیہ داہنی بغل میں ہے اور بائیں ہاتھ میں لوٹا ہے۔

45. پرندے نے جب نیچے پھیلی ہوئی دنیا کو دیکھا تو اس کی پرواز تھم گئی۔

* مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد (ضد) لکھئے : 2

46. ظاہر

47. تاریک

* مندرجہ ذیل میں دیئے گئے حروف کے نمبروں کے مطابق ذیل کے جوابی نمبروں سے صحیح ترتیب نقل کرکے بننے والا لفظ لکھیے (دائیں سے بائیں):

48. غریبی کے معنی والا لفظ ترتیب پاتا ہے: 1

حروف کے نمبر:

س ع ت ر

۱ ۲ ۳ ۴

(*i*) ۲ ۱ ۴ ۳

(*ii*) ۴ ۱ ۳ ۲

(*iii*) ۳ ۱ ۴ ۲

49. پروین اور سیاحوں نے جہاں غریب خاندان دیکھا: 1

حروف کے نمبر:

و و ی س ٹ

۱ ۱ ۲ ۳ ۴

(*i*) ۳ ۱ ۲ ۴ ۱

(*ii*) ۴ ۱ ۳ ۲ ۱

(*iii*) ۱ ۲ ۴ ۳ ۱

* مندرجہ ذیل محاوروں کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے: 2

50. نیچا دِکھانا

51. شیشے میں اُتارنا

2 مندرجہ ذیل سابقہ/لاحقہ لگا کر ہر ایک سے دو-دو بامعنی الفاظ بنائیے : *

.52 سابقہ : ہم

(مثال : ہم نفس)

.53 لاحقہ : گار

(مثال : کام گار)

2 مندرجہ ذیل کسی ایک کہاوت کا مطلب بیان کیجئے : *

.54 رسی جل گئی مگر بل نہیں گیا۔

.55 آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا۔

## SECTION-D (حصّہ د)

3 .56 مندرجہ ذیل تصویر کو غور سے دیکھئے اور اس کے بارے میں دو اقتباس لکھئے :



57. آپ حسان خان/حسینہ خانم ہیں۔ فلیٹ نمبر 2، فسٹ فلور سپنا اپارٹمنٹ مڈگاؤں گوا میں رہتے/رہتی ہیں۔ اپنے دوست/سہیلی کو خط لکھ کر گرمی کی چھٹیوں میں آپ نے دِن کیسے گزارے، تفصیل سے بتایئے۔ 6

**یا**

آپ حامد احمد/حمیدہ بانو آزادنگر واسکو ڈی گاما گوآ میں رہتے/رہتی ہیں۔ اپنے موبائل کی چوری ہونے کی شکایت درج کرتے ہوئے پولیس انسپکٹر صاحب کے نام ایک شکایتاً عریضہ لکھئے۔

* مندرجہ ذیل مکالمہ مکمل کیجئے (دادا اور پوتے کے درمیان گفتگو کو مکمل کیجئے) : 3

58. دادا جان : پوتے آئے ہوئے دس دن ہو چکے ہیں۔ اب مجھے گاؤں واپس جانا چاہئے۔

پوتا : دادا جان ! اب آپ کو یہیں رہنا ہے۔آپ کیوں جانا چاہتے ہیں ؟

دادا جان : تم اسکول چلے جاتے ہو اور تمہارے والد آفس میں اکیلا بور ہوتا ہوں۔ پھر یہاں اُردو اخبار بھی نہیں ملتے۔ وقت گزاری کیسے کروں ؟

پوتا : اوہ ! آپ کو اُردو اخبار چاہیے۔ ابھی انتظام کرتا ہوں۔

دادا جان : ------------------------------------

پوتا : ------------------------------------

دادا جان : ------------------------------------

پوتا : ------------------------------------

دادا جان : ------------------------------------

پوتا : ------------------------------------

دادا جان : واہ ! یہ تو آج کا ہی اخبار ہے۔ اب میں آسانی سے پڑھ سکوں گا۔

پوتا : دادا جان ! آپ اس سرچ انجن پر اخبار کا نام ٹائپ کرکے آسانی سے تمام اخبار پڑھ سکیں گے۔

دادا جان : واہ ! واقعی کمپیوٹر، انٹرنیٹ آج کے زمانے کی ضروری چیزیں ہیں۔

.59 مندرجہ ذیل عنوانات سے کسی **ایک** عنوان پر **100** سے **120** الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے : 8

- میری پسندیدہ شخصیت
- موبائل فون کے فوائد اور نقصانات
- سائنس ایک رحمت یا زحمت
- کتاب کی آپ بیتی
- جنگلات کی اہمیت